Roll No. | | | | | | |

**Series RKM**

**Code No. 5A**

- Please check that this question paper contains 6 printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains 16 questions.
- Please write down the Serial Number of the question before attempting it.

# URDU (Course A)

# اُردو (کورس ۔ اے)

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 100*

وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : ۱۰۰

## (حصّہ ۔ الف)

1. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم سے کم تین صفحات پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 10

(i) جدید دور میں ذرائع ترسیل کی اہمیت

(ii) مصیبت تنہا نہیں آتی

(iii) پریم چند کی ادبی خدمات

2. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 10

امن نام ہے آپسی میل جول اور اتفاق کے ساتھ پرسکون حالات میں رہنے کا۔ امن اچھی چیز ہے۔ خواہ گھر، محلّہ، شہر، ملک یا پوری دنیا کا ہو۔ ہر دور میں جہاں جنگ و جدال اور خون خرابے کا سلسلہ رہا ہے، وہاں کچھ امن پسند لوگ بھی رہے ہیں۔ جن کی جد و جہد اور کوشش سے امن قائم رہا۔ دنیا امن پسندوں سے کبھی خالی نہیں رہی، اگر ایسا ہوتا تو دنیا اب تک ناپید ہو چکی ہوتی۔ جن لوگوں نے جنگِ عظیم دیکھی ہے اُن سے پوچھئے کہ جنگ اور امن میں کیا فرق ہے۔ جنگ اگر لعنت ہے تو امن بلاشبہ رحمت ہے۔ آج کی دنیا سمٹ کر چھوٹی ہو گئی

ہے۔ بین الاقوامی تعلقات اس حد تک وسیع ہو گئے ہیں کہ کوئی ملک ایک دوسرے کے حالات سے متأثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ آج امنِ عالم کو شدید خطرہ ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد دنیا کے بیشتر ممالک سرمایہ دارانہ نظام اور اشتراکی نظام میں بٹ گئے ہیں۔ اور وہ ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کھنچاؤ اور تناؤ نے اب تیسری جنگ عظیم کا خطرہ پیدا کر دیا ہے۔"

(i) امن کسے کہتے ہیں ؟
(ii) "دنیا امن پسندوں سے کبھی خالی نہیں رہی اگر ایسا ہوتا تو دنیا اب تک ناپید ہو چکی ہوتی" اس جملے کی وضاحت کیجئے۔
(iii) جنگ اور امن کا فرق بتائیے۔
(iv) اس اقتباس کا مرکزی خیال دو جملوں میں لکھیے۔
(v) مندرجہ ذیل کے معنی لکھیے :
سبقت لے جانا - طاقت کا مظاہرہ کرنا - لوہا منوانا - خون خرابہ -

3. فعل کی دو قسموں کے نام لکھیے اور ان کی تعریف بھی مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ 5

4. حرف کسے کہتے ہیں۔ حرفِ جار اور حرف علت کی تعریف مثالیں دیکر سمجھایئے۔ 5

5. درج ذیل میں سے دو کی تعریف لکھیے اور ہر ایک کی ایک ایک مثال بھی لکھیے۔ 5
(i) تجنیس
(ii) استعارہ
(iii) لف و نشر

6. درج ذیل محاوروں سے جملے بنائیے۔ 5
(i) جنگل میں منگل ہونا (ii) چار چاند لگنا (iii) سبز باغ دکھانا
(iv) پھولے نہ سمانا (v) دانت کھٹے کرنا۔

(حصّہ۔ ب)

7. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے۔ اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھیئے۔ 7

"کھانے پینے میں مزاج بہت نفاست پسند تھا۔ حتی الوسع اس بات کی کوشش کرتے کہ سالن ترکاری ہاتھ سے نہ کھائیں۔ وہ یہ برداشت نہیں کر سکتے تھے کہ چکناہٹ یا سالن کی زردی انگلیوں پر رہ جائے۔ اس لئے بے دریغ چمچے اور کانٹے کا استعمال کرتے تھے۔ انہیں دہی کا پنیر بہت پسند تھا۔ یعنی دہی، پتلے ململ کے ٹکڑے میں ڈال کر لٹکا دیا جاتا تھا۔ جب تمام پانی اس سے نکل جاتا، تو بقیہ پنیر دو پتھروں یا کسی اور بھاری اور سخت چیز کے درمیان رکھ کے ہموار کر لیتے۔ پھر جتنے چاہیئے، اس سے تکونے، لمبوترے، چوکر ٹکڑے کاٹ لیتے ناشتے میں یہ پنیر ضرور ہوتا تھا اور وہ اسے ہمیشہ کانٹے سے کھاتے تھے۔

کھانے میں مچھلی بہت پسند تھی، لیکن کانٹے سے بہت ڈرتے تھے۔ اخیر عمر میں بینائی میں بھی فرق آ گیا تھا، چھوٹا کانٹا دکھائی نہیں دیتا تھا۔ اس لئے عام طور پر بیگم صاحبہ ان کے لئے علیحدہ پہلے سے کانٹا نکال کے دسترخوان پر رکھ دیا کرتی تھیں۔ خوراک بہت کم تھی۔"

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

(ii) اس اقتباس کا مرکزی خیال دو جملوں میں لکھیئے۔

(iii) کھانے میں انھیں کیا کیا پسند تھا؟

(iv) سالن ترکاری ہاتھ سے کیوں نہیں کھاتے تھے؟

(v) درج ذیل کے معنی لکھیئے:

حتی الوسع - بے دریغ

-یا-

انگریزوں کی مضبوط مرکزی حکومت نے تہذیبی وحدت کو پارہ پارہ کر کے تفریقی رجحانات کو بڑھایا، اور اس ہندو مسلم اتحاد کا خاتمہ کر دیا، جس کا خمیر صدیوں سے اٹھا

تھا۔ چنانچہ یہ ان اداروں کی نوعیت اور شکل کو فرقہ وارانہ رنگ دینے میں کامیاب ہوگیا جو مدتوں سے چلے آرہے تھے اور حکمرانوں کی ساحری نے وہ خواب دکھائے کہ ہر شعبۂ زندگی میں تفرقہ ہی تفرقہ دکھائی دینے لگا۔ تاریخی تقاضوں نے جن اختلافات کو بہت گہرائی میں دفن کر دیا وہ ابھر آئے اور نیم جاگیردارانہ، نیم صنعتی نظام زندگی میں انھیں پنپنے کی نئی غذا ہاتھ آگئی۔ جدید سیاست کا یہ سب سے بڑا کمال ہے کہ وہ ان فتنوں کو پال سکتی ہے جو مرتے مرتے بھی نہیں مرتے چنانچہ اونچے اور متوسط طبقے کے وفاداروں نے دانستہ اور نادانستہ اپنے غلام بنانے والوں کا ساتھ دے کر مشترک قدروں کے ان رشتوں کو توڑ ڈالا جو عام زندگی کی مشترک معاشی، معاشرتی ضروریات سے بنے اور مضبوط ہوئے تھے۔ انھوں نے اختلافی اور تفریقی رجحانات کو یہاں تک بڑھایا کہ آخر کار ہندوستان دو حصوں میں تقسیم ہوگیا۔

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور اس کا مصنف کون ہے۔؟

(ii) انگریزوں کی حکومت سے ہندوستان کی تہذیبی وحدت کو کس طرح نقصان پہنچایا؟

(iii) جدید سیاست کا سب سے بڑا کمال کیا ہے؟

(iv) اس اقتباس کا مرکزی خیال دو جملوں میں لکھیے۔

(v) درج ذیل کی وضاحت کیجیے:

تفریقی رجحانات - ہندو مسلم اتحاد - حکمرانوں کی ساحری۔ دانستہ اور نادانستہ۔

8. حیات اللہ انصاری کے افسانے "بھیک" کا مختصر تنقیدی جائزہ پیش کیجیے۔ 5

9. درج ذیل ادیبوں میں سے کسی دو کی شخصیت اور ان کی نثر نگاری کی خصوصیات ایک صفحہ کے اندر لکھیے۔ 8

راجندر سنگھ بیدی - مولوی عبدالحق - سید احتشام حسین

10۔ درج ذیل اشعار میں سے صرف تین کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام بھی بتلائیے۔ 7

ہم رونے پہ جائیں تو دریا ہی بہا دیں
شبنم کی طرح سے ہمیں رونا نہیں آتا

غافل! ہے بہارِ چمن عمر جوانی
کر سیر کہ موسم یہ دوبارا نہیں آتا

ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں
جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارا نہیں آتا

بھری ہے دل میں جو حسرت کہوں تو کس سے کہوں
سنے ہے کون مصیبت کہوں تو کس سے کہوں

جو دوست ہو تو کہوں تجھ سے دوستی کی بات
تجھے تو مجھ سے عداوت کہوں تو کس سے کہوں

۔ یا ۔

مندرجہ ذیل اشعار کا مفہوم لکھیے۔ نظم اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

جو دل سے قوم کے نکلی ہے، وہ صدا ہے یہی
تھا جس پہ ناز مسیحا کو وہ صدا ہے یہی

دلوں کو مست جو کرتی ہے وہ ہوا ہے یہی
غریب ہند کے آزار کی دوا ہے یہی

نہ چین آئے گا بے ہوم رول پائے ہوئے
فقیر قوم کے بیٹھے ہیں لو لگائے ہوئے

یہ جوش پاک زمانہ دبا نہیں سکتا
رگوں میں خون کی حرارت مٹا نہیں سکتا

یہ آگ وہ ہے جو پانی بجھا نہیں سکتا
دلوں میں آکے یہ ارمان جا نہیں سکتا

طلب فضول ہے کانٹے کی پھول کے بدلے
نہ لیں بہشت بھی ہم ہوم رول کے بدلے

۱۱۔ اکبر الہ آبادی کی نظم "جلوۂ دربار دہلی" یا سرور جہاں آبادی کی نظم "گنگا" کا خلاصہ ایک صفحے کے اندر لکھیے۔ 5

۱۲۔ درج ذیل میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 8

(i) غزل اور نظم میں فرق

(ii) اقبال کی نظم گوئی

(iii) سراج اورنگ آبادی کی شاعری کی خصوصیات

(iv) جوش کی رباعی گوئی

۱۳۔ سدرشن کے افسانے "آزمائش" کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔ 4

— یا —

راجندر سنگھ بیدی کے افسانے "بھولا" کے مرکزی کردار کی خوبیاں ایک صفحے کے اندر لکھیے۔

۱۴۔ درج ذیل میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ 6

(i) رحیم خاں کے گھر میں کس کا گھونسلہ تھا؟

(ii) قاضی انعام حسین نے مصنف کی کیا خاطر مدارات کی؟

(iii) تاراچند اگلے دن پنڈت جسونت رائے کے یہاں کیوں پہنچا؟

(iv) چاروں حجاموں نے آپس میں کیا صلاح کی؟

۱۵۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر آدھے صفحے کے اندر لکھیے۔ 5

(i) رباعی کی تعریف اور اس کے دو مشہور لکھنے والوں کے نام

(ii) نظم کی تعریف اور اس کے دو مشہور لکھنے والوں کے نام

۱۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک پر آدھے صفحے کے اندر لکھیے۔ 5

اردو زبان کا آغاز ۔ اردو ناول کا ارتقاء ۔ اردو میں خاکہ نگاری۔